© rasailojaraid.com



ادارہ

## مسافرانِ آخرت

**قاضی فہیم احمد قریشی مرحوم:** سرائے صالح ہزارہ میں ہمارے نہایت مہربان اور مخلص ساتھی جناب قاضی فہیم احمد قریشی ۲۹ردسمبر ۲۰۱۳ء کی شب خالق حقیقی سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون آج سے کوئی بیس برس پہلے راقم کفیل بخاری کا ہری پور میں مولانا اورنگزیب اعوان کے ہاں جانا ہوا تھا۔ تب انہوں نے قاضی فہیم احمد قریشی سے ملاقات کرائی تھی۔ اس باوفا اور مخلص شخص سے پہلی ملاقات میں جو تاثر قائم ہوا تھا انہوں نے مرتے دم تک اسے قائم رکھا۔ حضرت امیر شریعت رحمہ اللہ سے بے پناہ محبت کرتے اور اسی نسبت سے میرا احترام کرتے۔ وہ ایک وسیع المطالعہ فکری اور تحریکی ساتھی تھے۔ انتہائی کم گو، متبسم چہرہ کی حامل یہ شخصیت اپنی محبت اور خلوص کی وجہ سے ہمارے دلوں میں گھر کر گئی۔ ۲۰۱۳ء میں ان کے ہاں سرائے جہاں جانا ہوا۔ انہوں حُسن سلوک میں کوئی کمی نہیں آنے دی۔ فہیم احمد قریشی یکم جون ۱۹۶۶ء کو پیدا ہوئے اور سینتالیس سال کی عمر میں اس دنیا سے آخرت کو سدھار گئے۔ حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

☆ پروفیسر خواجہ ابوالکلام صدیقی صاحب کی بہو اور مولانا حق نواز (سکردو) کی بیٹی گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ چیچہ وطنی جماعت کے نائب امیر چودھری محمد اشرف کے بڑے بھائی چودھری عبدالستار مرحوم۔ انتقال 7رفروری

☆ چیچہ وطنی میں ہمارے مہربان اور معاون خصوصی حافظ محمد اشرف کے پوتے اور حافظ محمد امجد کے 11 ماہ کے بیٹے کا انتقال 11رفروری

☆ چیچہ وطنی کے چک نمبر 6-11۔ایل میں جماعت کے ذمہ دار عابد علی کے والد گرامی محمد بشیر 15۔فروری کو انتقال کر گئے، نماز جنازہ قاری محمد قاسم نے پڑھائی

☆ اہلیہ مرحومہ مفتی داؤد صاحب، جامعہ اشرفیہ لاہور دارالافتاء کے رکن حضرت مفتی داؤد مدظلہٗ کی اہلیہ اور ہمارے کرم فرما جناب مولانا علی داؤد کی والدہ ۱۶رفروری کو لاہور میں انتقال کر گئیں۔

☆ مدرسہ صولتیہ مکہ مکرمہ کے استاذِ حدیث حضرت مولانا سیف الرحمٰن المھند کی اہلیہ اور جناب عبدالمالک کی والدہ گزشتہ ماہ انتقال فرما گئیں۔

☆ فیض الرحمٰن سنجرانی مرحوم۔ انتقال: ۲۴رفروری ۲۰۱۴ء ملتان

☆ مجلس احرار اسلام چشتیاں کے رہنما عطاء اللہ احرار کی ہمشیرہ، انتقال: ۲۲رفروری ۲۰۱۴ء

☆ قدیم احرار کارکن شیخ حسین اختر لدھیانوی کے بھتیجے پروفیسر زاہد حسین، اوکاڑہ۔ انتقال: ۱۹رفروری

☆ چیچہ وطنی کے سنیئر صحافی ملک محمد جمیل کے والدِ گرامی حاجی عبدالمجید 22رفروری کو انتقال کر گئے۔

**عبداللطیف ناز مرحوم:** مجلس احرار اسلام چنیوٹ کے جاں نثار کارکن عبداللطیف ناز ۲۵رفروری ۲۰۱۴ء کو ایک حادثہ میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انتقال کر گئے۔ مرحوم گزشتہ پچیس برس سے مجلس احرار اسلام کے ساتھ وابستہ تھے۔ جماعت کے ساتھ ان کی وابستگی غیر متزلزل تھی۔ انتہائی مخلص اور ایثار پیشہ کارکن تھے۔ چنیوٹ اور چناب نگر کی ختم نبوت کانفرنسوں میں سرخ قمیص پہن کر اپنے دوستوں کو ساتھ لے کر بڑے اہتمام کے ساتھ شریک ہوتے اور جماعتی ذمہ داریوں کو خوب نبھاتے۔ ۲۶ رفروری کو بعد نماز ظہر ان کی نماز جنازہ دار العلوم مدنیہ میں قاری محمد یامین گوہر نے پڑھائی۔ بہت بڑا جنازہ تھا دینی جماعتوں، مدارس کے طلباء واساتذہ، تاجر برادری وار مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ مجلس احرار اسلام کے ناظم تبلیغ اور مسجد احرار کے خطیب مولانا محمد مغیرہ، مدرسہ ختم نبوت کے اساتذہ وار طلباء کے ساتھ نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ حق تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے (آمین) قائد احرار حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہٗ، جناب عبداللطیف خالد چیمہ، سید محمد کفیل بخاری، میاں محمد اویس نے بھائی عبداللطیف مرحوم کی اچانک حادثاتی موت پر گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے پسماندگان سے اظہار تعزیت کیا ہے اور مرحوم کی مغفرت کی دعا کی ہے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصال ثواب اور دعاءِ مغفرت کا خصوصی اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعائے صحت

- ہمارے نہایت مہربان اور کرم فرما مولانا احسان فاروقی (رکن جامع العلوم ملتان) فرزندِ نسبتی حضرت مولانا محمد محمد یسین مدظلہٗ چند ماہ سے شدید علیل ہیں
- جناب عزیز الرحمٰن سنجرانی: مجلس احرارِ اسلام ضلع ملتان کے سابق ناظم ورکن مرکزی مجلس شوریٰ
- چودھری محمد اکرام (لاہور) ● اہلیہ محترمہ ملک محمد یوسف صاحب (لاہور)
- حافظ عبدالرحیم نیاز (رحیم یار خان) رکن مرکزی مجلس شوریٰ
- محمد بشیر چغتائی (مدرسہ معمورہ ملتان کے سابق سفیر)
- احرار ختم نبوت مشن برطانیہ کے صدر جناب شیخ عبدالواحد (گلاسگو) کے فرزند شیخ عبدالماجد علیل ہیں
- دفتر احرار لاہور کے کارکن شوکت علی کے فرزند شاہران بیمار ہیں
- دفتر احرار چیچہ وطنی کے حافظ محمد سلیم شاہ کے والد سید خلیل الرحمٰن علیل ہیں

قارئین سے دعائے صحت کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو شفاءِ کاملہ عطاء فرمائے (آمین)



© rasailojaraid.com